روزے کی حالت میں ایلوویرا جیل (Aloe Vera Gel) لگانے کا حکم

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)
Darul Ifta AhleSunnat

ریفرنس نمبر: JTL-1594 تاریخ: 18-03-2024

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک ایلوویرا جَیل (Aloe Vera Gel) ہوتی ہے، جو سر اور چہرے پر لگائی جاتی ہے، بسا اوقات اس کی کڑواہٹ حلق میں محسوس ہوتی ہے، تو پوچھنا یہ ہے کہ کیا اس سے روزے پر کوئی اثر پڑے گا؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

روزے کی حالت میں جسم پر ایلوویرا جیل (Aloe Vera Gel) لگانے سے روزے پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، اگرچہ اس کی کڑواہٹ حلق میں محسوس ہو؛ کیونکہ اس کا ذائقہ اور کڑواہٹ جو حلق تک پہنچ رہی ہے، وہ جسم کے مساموں کے ذریعے جا رہی ہے اور مسام کے ذریعے جسم میں کوئی چیز جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

درمختار میں ہے: ”(أو أدهن أو اكتحل أو احتجم) وإن وجد طعمه في حلقه“

ترجمہ: تیل یا سرمہ لگایا، یا پچھنے لگوائے، اگرچہ اس تیل یا سرمہ کا ذائقہ حلق میں محسوس ہو، روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

اس کے تحت رد المحتار میں ہے:" (قوله: وإن وجد طعمه في حلقه) أي طعم الكحل أو الدهن، كما في السراج، وكذا لو بزق فوجد لونه في الأصح، بحر، قال في النهر: لأن الموجود في حلقه أثر داخل من المسام الذي هو خلل البدن، والمفطر إنما هو الداخل من المنافذ "ترجمہ: (شارح کا قول: اگرچہ اس کا ذائقہ حلق میں محسوس ہو) یعنی سرمہ اور تیل کا، جیسا کہ سراج میں ہے۔ اور اسی طرح اصح قول پر اگر اس نے تھوک میں اس کا رنگ پایا (تب بھی روزہ نہیں ٹوٹے گا)، بحر۔ نہر میں فرمایا: کیونکہ حلق میں جو اس کا اثر موجود ہے، وہ بدن میں موجود مسام کے ذریعے داخل ہوا ہے۔ اور روزہ توڑنے والی چیز وہ ہے، جو منافذ کے ذریعے جسم میں داخل ہو۔

(ردالمحتار مع درمختار، جلد2، صفحہ367، دار الفکر، بیروت)

بہار شریعت میں ہے: "تیل یا سرمہ لگایا تو روزہ نہ گیا، اگرچہ تیل یا سرمہ کا مزہ حلق میں محسوس ہوتا ہو۔"

(بہار شریعت، جلد1، حصہ5، صفحہ982، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

واللہ اعلم عزوجل **ورسولہ اعلم** صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــہ

مفتی ابو الحسن محمد ہاشم خان عطاری

07رمضان الکریم 1445ھ/18مارچ2024ء

نوٹ: دار الافتاء اہلسنت کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے کی تصدیق دار الافتاء اہلسنت کے آفیشل پیج /daruliftaahlesunnat اور ویب سائٹ www.daruliftaahlesunnat.net/ کے ذریعے کی جاسکتی ہے